مرتضی نام کا مطلب اور محمد مرتضیٰ فاروقی نام رکھنا

مجیب: مولانا عبدالرب شاکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2721

تاریخ اجراء: 11ذوالقعدۃ الحرام1445ھ /20مئی2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

لڑکے کا نام محمد مرتضیٰ فاروقی رکھنا کیسا ہے اور مرتضی نام کا معنیٰ کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

محمد مرتضی فاروقی نام رکھنے میں کوئی حرج نہیں، البتہ بہتر یہ ہے کہ اولاً بیٹے کا نام صرف "محمد" رکھیں، کیونکہ حدیث پاک میں "محمد" نام رکھنے کی فضیلت اور ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور ظاہر یہ ہے کہ یہ فضیلت تنہا نام محمد رکھنے کی ہے، پھر پکارنے کے لیے لڑکے کا نام انبیائے کرام عَلَیْھِمُ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَام کے اسمائے مبارکہ اور صحابہ کرام و تابعین عظام اور بزرگانِ دین رِضْوَانُ اللہِ تَعَالٰی عَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْن نیک لوگوں کے ناموں میں سے کوئی نام رکھ لیجیے کہ حدیث پاک میں اچھوں کے نام پر نام رکھنے کی ترغیب ارشاد فرمائی گئی ہے اور پکارنے کے لئے سوال میں مذکور نام بھی رکھ سکتے ہیں۔

مرتضی کا معنی ہے: پسندیدہ، منتخب کیا ہوا اور یہ حضرت علی المرتضی رضی اللہ عنہ کے القابات میں سے بھی ہے۔

محمد نام رکھنے کی فضیلت:

کنز العمال میں روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة" ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔(کنز العمال، ج16، ص422، مؤسسة الرسالة، بيروت)

رد المحتار میں مذکورہ حدیث کے تحت ہے " قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن "ترجمہ: علامہ جلال الدین سیوطی علیہ الرحمۃ نے فرمایا: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث

ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔(ردالمحتار علی الدر المختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج6، ص417، دار الفکر، بیروت)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے: ”تسموا بخیار کم“ ترجمہ: اچھوں کے نام پر نام رکھو۔(الفردوس بماثور الخطاب، جلد2، صفحہ58، حدیث2328، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

سلم الوصول الی طبقات الفحول میں ہے”المرتضى: لقب علي بن أبي طالب رضي اللہ عنه“ترجمہ: مرتضی: حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالی عنہ کا لقب ہے۔(سلم الوصول الی طبقات الفحول، ج5، ص293، مکتبۃ إرسیکا، ترکیا)

القاموس الوحید میں ہے: ارتضاہ: پسند کرنا، منتخب کرنا۔(القاموس الوحید، ص635، ادارہ اسلامیات، لاھور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net